© rasailojaraid.com



توضیحات اور تشریحات کی گئی ہیں۔ گویا کتاب دریا بکوزہ اندر کا صحیح مصداق ہے۔ انتہائی قلیل عرصہ میں کتاب کے تین ایڈیشنوں کا نکلنا بزات خود کتاب کی مقبولیت کی واضح دلیل ہے۔

نام کتاب انوار حق

افادات وخطابات :- شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ انوارالحق صاحب مدظلہ

صفحات :- ۲۶۲ قیمت :- ۸۰ روپے۔

ملنے کا پتہ :- موتمرالمصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

دارالعلوم حقانیہ کے بانی و مہتمم استاذی واستاذ العلماء حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نوراللہ مرقدہ نے تقسیم ہند کے بعد جب یہاں اپنے محلے کی جامع مسجد میں دارالعلوم حقانیہ کی بنیاد رکھی، تو اسی مسجد میں آپ باقاعدگی سے خطبہ جمعہ دیتے رہے۔ آپ نے مسلسل ۴۰۔۴۵ سال تک باوجود ضعف وعلالت اور کثیرالنوع مشاغل کے وہاں پر خطابت کے فرائض سرانجام دیئے اور ان کے خطبات کا مجموعہ بنام "دعوات حق" دو جلدوں میں منظرعام پر آچکا ہے جس سے ایک عالم فیضیاب اور مستفیض ہورہا ہے۔ آپ کے سانحہ ارتحال کے بعد آپ کے فرزند ارجمند استاذنا المحترم حضرت علامہ مولانا حافظ انوارالحق صاحب مدظلہ استاذ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اب اسی مسجد میں باقاعدگی سے خطبہ جمعہ دے رہے ہیں، گوکہ حضرت الشیخؒ کی حیات میں ہی میں بوجہ علالت حضرت کے آپ ہی خطبہ دیتے رہے۔ چونکہ آں محترم کے خطبات کی تدوین وترتیب کا اسی وقت سے اہتمام نہیں کیا گیا۔ اگر اس وقت سے اس کا اہتمام کیا جاتا تو آج کئی جلدوں میں یہ خطبات منظر عام اور منصۂ شہود پر آجاتے۔ بہرحال بعد میں آپ کے مخلص شاگردوں کے مشورہ پر ان خطبات کی ترتیب وتدوین کا اہتمام کیا گیا، اور الحمد للہ "انوارحق" کے نام پر پہلا مجموعہ طبع ہوگیا۔ پچھلے چند سالوں سے خطبات ومواعظ کے کئی مجموعے منظر عام پر آئے ہیں، اور ہر ایک کی افادیت اپنی جگہ مسلّم۔ لیکن زیر تبصرہ کتاب میں خطبہ جمعہ کیلئے بھرپور مواد موجود ہے، جس میں دعوت فکر، شستگی اور شائستگی کے ساتھ ساتھ ایک داعی کا درد دل کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ اور گویا یہ کتاب حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ کے خطبات کا نقش ثانی ہے۔ کتاب پر بھرپور تبصرہ اندرونی ٹائٹل پر ان الفاظ میں موجود ہے۔ "جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے نائب مہتمم استاذ حدیث وتفسیر حضرت مولانا حافظ انوارالحق صاحب کے خطبات اور اور مواعظ جمعہ کا حسین گلدستہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ کے خطبات کی ایک جھلک الولدسرلابیہ کا نمونہ علوم ومعارف کا خزینہ مختلف موضوعات پر علمی ودینی اور روح پرور تقاریر کا دلچسپ مرقع ازدل عزیز

© rasailojaraid.com